# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 25 August-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۵ / اگست ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ریاست کے ساڑھے تین ہزار دیہاتوں کو اسمارٹ اور انٹیلیجنٹ بنایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اعلان؛ پہلے اسمارٹ و انٹیلیجنٹ گاؤں ساتنوری کا افتتاح

☆ کسان زرعی پیداوار کے لیے مصنوعی ذہانت ٹیکنالوجی کا استعمال کریں۔ نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی تلقین۔

☆ قانون ساز اداروں کو عوامی آواز پہنچانے کا ذریعہ بننا چاہیے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کا اظہار خیال۔

☆ ریاست کے آبی منصوبوں میں پانی کا ذخیرہ اوسطاً 82 فیصد سے زائد؛ جائیکواڑی ڈیم کے آٹھ دروازوں سے پانی کا اخراج جاری

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں پربھنی، ہنگولی، ناندیڑ اور لاتور میں آج بارش کا یلو الرٹ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اعلان کیا ہے کہ اسمارٹ اور انٹیلیجنٹ منصوبے کے پہلے مرحلے میں ریاست کے تقریباً ساڑھے تین ہزار دیہاتوں کو اسمارٹ اور انٹیلیجنٹ بنایا جائے گا۔ مرکزی وزارت ٹیلی کمیونکیشن کے تحت ''Voice of Indian Communication Technology Enterprises'' نے ملک کی 24 کمپنیوں کے اشتراک سے ناگپور ضلع انتظامیہ اور ریاستی حکومت کی مدد سے ساتنوری گاؤں میں جدید ٹیکنالوجی پر مبنی سہولیات فراہم کر کے اس گاؤں کو ملک کا پہلا اسمارٹ اور انٹیلیجنٹ گاؤں بنایا ہے۔ تجرباتی طور پر بنائے گئے اس گاؤں کا افتتاح کل وزیر اعلیٰ کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں پھڑنویس نے کہا کہ اس تجربے کی بنیاد پر حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ ریاست کے ہر تعلقے کے 10 دیہاتوں کو اسمارٹ و انٹیلیجنٹ بنایا جائے گا۔ اس منصوبے کے تحت زراعت، تعلیم، صحت سمیت 18 مختلف شعبوں میں جدید ٹیکنالوجی سے پورے ساتنوری گاؤں میں تبدیلی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ خود کفیل بھارت کی سمت پیش قدمی کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی کا موثر استعمال کر کے گاؤں کو خوش حال بنانے کا رول ماڈل تیار گیا گیا ہے۔

***** ***** *****

نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے کہا ہے کہ زراعت کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کے استعمال سے ایک نئے دور کا آغاز ہوا ہے۔ اور کسانوں کو اس ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے زہریلے اثرات سے پاک کھادوں کے استعمال والی کاشت کی سمت بڑھنا چاہیے۔ وہ کل پونے میں انگور کے کاشتکاروں کی ریاستی انجمن کے 65 ویں سالانہ اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر اجیت پوار نے یقین دہانی کروائی کہ انگور کے کاشتکاروں کے مختلف مطالبات کو پورا کرنے کے لیے حکومت مثبت رویہ رکھتی ہے۔ اور کسانوں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے۔ اس موقع پر وزیر زراعت دتّا ترے بھرنے بھی موجود تھے۔

اپنے خطاب میں بھرنے نے کہا کہ کسانوں کو مرکز مان کر حکومت تمام تر منصوبہ سازی کر رہی ہے۔انہوں نے یقین دلایا کہ انگور کے کاشتکاروں کی آمدنی بڑھانے کے لیے ریاستی حکومت مختلف اسکیمیں لا رہی ہے۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ ملک کی پارلیمنٹ اور قانون ساز ایوانوں کے صدر نشینوں کی عظمت برقرار رکھنا اہم ہے۔اور قانون ساز ادارے عوام کی آواز پہنچانے کا ذریعہ بننا چاہیئے۔وہ کل نئی دہلی میں قانون ساز ایوانوں کے سربراہان کی دوروزہ کل ہند کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔

Byte: Home Minister Amit shah

ملک کے مرکزی مقنّنہ کے پہلے صدر کی حیثیت سے وٹھل بھائی پٹیل کے عہدہ سنبھالنے کو 100 برس مکمل ہونے کے سلسلے میں یہ کانفرنس دہلی اسمبلی میں منعقد کی گئی ہے۔اس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر برائے پارلیمانی امور کرن رجیجو نے کہا کہ حزب اختلاف کو حکومت کے فیصلوں پر سوال اٹھانے کا حق تو ہے لیکن ایوان کے کام کاج میں روکاوٹ ڈالنے کا حق نہیں۔مختلف انداز فکر کے لوگ جب ایک جگہ آتے ہیں تو اختلاف فطری بات ہے۔لیکن وہ اختلاف جمہوریت کے لیے تعمیری ہونا چاہیئے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے موکھیڑ تعلقے میں شدید بارش سے متاثرہ ہسناڑ، راول گاؤں، بھاسواڑی اور مکرم آباد دیہاتوں کا کل رابط وزیر اتول ساوے نے دورہ کیا۔ان دیہاتوں میں کئی مکانوں کو نقصان پہنچا اور ہزاروں ہیکٹر زمین زیر آب ہوگئی۔اتول ساوے نے اس موقع پر یقین دہانی کروائی کہ تقصانات کے پنچ نامے کیے جارہے ہیں۔اور متاثرین کے تمام مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ ہسناڑ میں ہلاک ہونے والوں کے ورثاء میں فی کس 50 ہزار روپیئے امداد کی تقسیم بھی اس موقع پر کی گئی۔

***** ***** *****

بھگوان برسا منڈا کے دیڑھ سوویں یوم پیدائش کی مناسبت سے ادیواسی گورو خصوصی پروگرام کے تحت ''بھارتی تاریخ کی تشکیل میں آدیواسیوں کا کردار'' اس عنوان سے دوروزہ بین الاقوامی سیمینار کا افتتاح کل رکن اسمبلی بھیم راؤ کیرام کے ہاتھوں عمل میں آیا۔اس موقع پر کیرام نے کہا کہ اس سیمینار کے انعقاد کے سلسلے میں بیڑ میں ملک بھر سے محققین اکٹھا ہوئے ہیں جس سے قبائلیوں کے منصوبوں کا جائزہ لیا جائے گا اور انہیں بڑا فائدہ پہنچ سکے گا۔

***** ***** *****

گزشتہ ہفتے ریاست کے تمام علاقوں میں زوردار بارشوں کے سبب ریاست کے آبی منصوبوں میں پانی کا ذخیرہ 82 فی صد سے زائد ہوگیا ہے۔اور گزشتہ برس کی بہ نسبت آبی ذخائر میں 12 فی صد اضافہ ہوا ہے۔اس برس ریاست کے 20 بڑے آبی پشتے صد فی صد لبریز ہو چکے ہیں۔اور تمام ڈیموں کا ذخیرہ اوسط سے کئی بہتر ہے۔مراٹھواڑہ میں بھی اس برس 75 فی صد پانی کا ذخیرہ موجود ہے۔اسی دوران چھترپتی سمبھانی نگر کے جائیکواڑی ڈیم کا ذخیرہ 96 فی صد ہو چکا ہے۔ڈیم کے 8 دروازوں سے چار ہزار 192 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کا اخراج جاری ہے۔

***** ***** *****

سابق ڈویژنل کمشنر ڈاکٹر پروشتم بھاپکر نے کہا ہے کہ حکومت ادیبوں کو بھی پینشن کی طرح ماہانہ مشاہرہ دے۔کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں مراٹھواڑہ ساہتیہ پریشد کے ایوارڈز بھاپکر کے ہاتھوں تقسیم کیے گئے۔انہوں نے کہا کہ ادیب ہمیشہ معلم کے کردار میں ہوتا ہے اور استاد ادیب کے کردار میں

ہوتا ہے۔ نیز ادیبوں کی تخلیقات ہمیشہ زندہ رہتی ہیں۔ اسی وجہ سے ہمارے ملک میں ادیبوں کا بہت احترام کیا جاتا ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلع کے گنگا کھیڑ میں کل محکمۂ پولس اور گنگا کھیڑ سائیکل گروپ کی جانب سے منشیات کے خلاف عوامی بیداری کے لیے سائیکل ریلی نکالی گئی۔ اس ریلی کا آغاز سپرنٹنڈنٹ آف پولی رویندر سنگھ پردیشی نے ہوا میں ترنگے غبارے چھوڑ کر کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ایسی سرگرمیوں سے منشیات سے پاک بھارت کا خواب پورا کرنے میں مدد ملے ملتی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے رابطہ وزیر سنجئے شرساٹھ نے گنیش منڈلوں سے اپیل کی ہے کہ پرامن طور پر جوش وخروش کے ساتھ ڈی جے کے بغیر گنیش اتسو منایا جائے۔ گنیش فیسٹول کے پیش نظر امن رابطہ کمیٹی کے طلب کردہ اجلاس سے وہ خطاب کر رہے تھے۔ اپنے خطاب میں وزیر موصوف نے کہا کہ گنیش منڈلوں کو ڈی جے کی بجائے روایتی سازوں، ڈھول تاشوں اور دیگر آلات کا استعمال کرنا چاہیئے۔ انہوں نے محکمۂ پولس کو ہدایت دی کہ گنیش اتسو کے دوران منشیات کی فروخت پر پابندی عائد کرتے ہوئے ضروری کاروائی کریں۔

***** ***** *****

ناندیڑ سے ممبئی جانے والی وندے بھارت ایکسپریس کو کل 26 تاریخ کو وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ جالنہ ۔ممبئی۔ جالنہ وندے بھارت ٹرین کو ناندیڑ تک توسیع دی گئی ہے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن کے رہنما منوج جرانگے پاٹل نے کل بیڑ ضلع کے مانجر سمبا میں جلسہ کر کے مطالبہ کیا کہ مراٹھا ریزرویشن کے تعلق سے کل تک فیصلہ کیا جائے۔ انہوں نے انتباہ دیا کہ اگر حکومت کوئی فیصلہ نہیں کرتی ہے تو وہ 27 تاریخ کو ممبئی کی طرف مارچ کریں گے۔

***** ***** *****

ریاست میں آج کوکن کے بیشتر اضلاع کے لیے علاقائی دفتر موسمیات نے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ مراٹھواڑہ میں پربھنی ۔ ناندیڑ۔ ہنگولی اور لاتور اضلاع کے لیے آج یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ باقی ماندہ اضلاع میں آئندہ دو دنوں میں ہلکی تا اوسط بارش کے امکان کی پیش گوئی محکمۂ موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاست کے ساڑھے تین ہزار دیہاتوں کو اسمارٹ اور انٹیلجنٹ بنایا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا اعلان؛ پہلے اسمارٹ و انٹیلجنٹ گاؤں ساتنوری کا افتتاح

☆ کسان زرعی پیداوار کے لیے مصنوعی ذہانت ٹیکنالوجی کا استعمال کریں۔ نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی تلقین۔

☆ قانون ساز اداروں کو عوامی آواز پہنچانے کا ذریعہ بننا چاہیے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کا اظہار خیال۔

☆ ریاست کے آبی منصوبوں میں پانی کا ذخیرہ اوسطاً 82 فیصد سے زیادہ؛ جائیکواڑی ڈیم کے آٹھ دروازوں سے پانی کا اخراج جاری

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں پربھنی، ہنگولی، ناندیڑ اور لاتور میں آج بارش کا یلو الرٹ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

**** **** *****